4719CH12

# کام اور زندگی

برکتیں ہیں آج گھر گھر کام سے
چل پڑا دنیا کا چکّر کام سے
جن کو اپنے فرض کا احساس ہے
دل لگاتے ہیں وہ اکثر کام سے

© NCERT not to be republished



کامیابی اُن کی قسمت میں کہاں
بھاگ جاتے ہیں جو ڈر کر کام سے
کھیت ہو اسکول ہو یا فیکٹری
سب کی رونق ہے سراسر کام سے




© NCERT not to be republished

کاہلی تو جان لیوا روگ ہے
زندگی ہوتی ہے بہتر کام سے

زندہ رہنے کا سلیقہ ہے یہی
منھ نہ موڑے کوئی دَم بھر کام سے

بیٹھ کر باتیں بنانا سہل ہے
اصل میں کھُلتے ہیں جوہر کام سے



© NCERT not to be republished



قدر کرتا ہے زمانہ کام کی
نام پاتے ہیں ہنرور کام سے
دو گھڑی آرام کرنا چاہیے
جب فراغت ہو میسّر کام سے

فیضؔ لدھیانوی

## سوالات

1۔ کام سے کون لوگ دل لگاتے ہیں؟
2۔ ہمیں کاہلی سے کیوں بچنا چاہیے؟
3۔ شاعر نے کس بات کو زندہ رہنے کا سلیقہ کہا ہے؟
4۔ آرام کب کرنا چاہیے؟

© NCERT not to be republished